CAREERINDIA

# D

SL. No : Q

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 52 ]
Total No. of Questions : 52 ]

**CCE PR**
**UNREVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 12
[ Total No. of Printed Pages : 12

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 83-U**

**Code No. : 83-U**

## ವಿಷಯ : ವಿಜ್ಞಾನ

## Subject : SCIENCE

**( ಭೌತಶಾಸ್ತ್ರ, ರಸಾಯನಶಾಸ್ತ್ರ ಮತ್ತು ಜೀವಶಾಸ್ತ್ರ / Physics, Chemistry & Biology)**

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 02. 04. 2019 ] [ Date : 02. 04. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 100 ] [ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

**عام ہدایات :**

.1 سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 52 سوالات ہیں۔

.2 اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

.3 معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

.4 سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشئے میں مکمل مارکس دیے گئے ہیں۔

.5 جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے **چار** متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی بیاض میں لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. شمسی خانہ (Solar cell) کے کام کرنے کا اصول

(A) مقناطیسی اثر (B) برقی مقناطیسی امالہ

(C) کیمیائی اثر (D) نوراولٹائی اثر

2. پودوں میں نشونما کرنیوالا ہارمون

(A) آکسن (Auxin)

(B) ابی سی سک ایسڈ (Abscisic acid)

(C) گبرلن (Gibberellin)

(D) سائٹوکائنن (Cytokinin)

3. پیلے رنگ کے شیشہ کی تیاری میں استعمال ہونے والا دھاتی مرکب

(A) کوبالٹ کا مرکب (B) فیرک کا مرکب

(C) کرومیم کا مرکب (D) نکل کا مرکب

4. متبادل برقی رو کو بڑھانے یا گھٹانے کے لئے استعمال ہونے والا آلہ

(A) موٹر (Motor)

(B) امالی لچھا (Induction coil)

(C) مبدل (Transformer)

(D) برق بدل (Commutator)

www.careerindia.com

CAREERINDIA



5. ایک اونچے قد کے مٹر کے پودے اور ایک پست قد کے مٹر کے پودے کے درمیان پارزیرگی کرائی گئی۔ اگر 24 مٹر کے پودے $F_2$ نسل میں حاصل ہونگے تو لمبے اور پستہ قد پودوں کی مقدار

(A) 18 لمبے قد اور 6 پست قد

(B) 12 لمبے قد اور 12 پست قد

(C) 6 لمبے قد اور 18 پست قد

(D) 16 لمبے قد اور 8 پست قد

6. متبادل ڈائنمو میں پیدا ہونے والی برق کا تعدد ہوتا ہے۔

(A) آرمیچر کی گردش کی شرح (B) مقناطیسی میدان کی قوت

(C) کوائل (لچھے) میں تاروں کی تعداد (D) ڈائنمو کا سائز

7. الکائن کا عام ضابطہ

(A) $C_nH_{2n-2}$ (B) $C_nH_{2n+2}$

(C) $CnH_{2n}$ (D) $C_nH_{2n+1}$

8. ایک امور جو اوزون پرت کی تقلیب کا سبب ہے۔

(A) جنگلات کی کٹائی (B) حیاتی ایندھن کا استعمال

(C) مصفّی کا استعمال (D) ایروسال (Aerosols) کا استعمال

9. حسب ذیل کیمیائی ضابطہ میں 'X' کس دھات کو ظاہر کرتا ہے۔

$$CuSO_4 + \boxed{X} \rightarrow \boxed{X} SO_4 + Cu$$

(A) Ag (B) Au

(C) Fe (D) Hg

www.careerindia.com

CAREERINDIA



10. حسب ذیل ایک محلول جس میں برقی رو کا ایصال ہوتا ہے۔

(A) شکر کا محلول (B) فروٹوز کا محلول

(C) گلوکوز کا محلول (D) سوڈیم کلورائڈ کا محلول

11. کالم-A میں حیوانی نسیجیں اور ان کے افعال کالم-B میں دیئے گئے ہیں۔ جوڑ لگا کر حروف تہجی کے ساتھ جوابی بیاض میں لکھئے : 4 ×1 = 4

| کالم-A | کالم-B |
|---|---|
| (A) لمف (Lymph) | (i) ہڈیوں کے ساتھ عضلات کو جوڑتے ہیں |
| (B) ہڈی کا گودا (Bone marrow) | (ii) ہیجان کے لئے ردعمل ظاہر کرتے ہیں |
| (C) پٹھے (Tendon) | (iii) اینٹی باڈیز تیار کرتے ہیں |
| (D) غضروف (Cartilage) | (iv) ایک ہڈی کو دوسری ہڈی سے جوڑتے ہیں |
| | (v) مڑنے اور لچک دار حرکت پیدا کرتے ہیں |
| | (vi) اشیاء کا جسم میں نقل و حمل کرتے ہیں |
| | (vii) خون کے خلیات تیار کرتے ہیں۔ |

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : 7 × 1 = 7

12. ''ہوائی ٹربائن ہر مقام پر نہیں نسب کر سکتے ہیں'' کیوں ؟

13. مشاہدہ کنندہ اور آواز کا منبع ایک ہی سمت اور رفتار سے سفر کرنے پر مشاہدہ کنندہ آواز کا ڈاپلر اثر نہیں محسوس کرتے۔ کیوں ؟

14. برائیوفائٹ کے رواجی پودے میں پائے جانے والے نر اور مادہ جنسی ساختوں کے نام لکھئے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA



.15 جدید معیادی قانون بیان کیجئے۔

.16 مٹی کے برتنوں کے صیقل کار (Glazing) سے کیا مراد ہے ؟

.17 ایک شخص کے خون کے نمونے میں طباقچوں کی تعداد $40000/mm^3$ ہے تو وہ شخص کس بیماری میں مبتلا ہے ؟

.18 سالسلک ترشہ میں پائے جانے والے دو تفاعلی گروہ کا نام لکھئے۔

حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھئے : $26 \times 2 = 52$

.19 حسب ذیل جدول میں میعادی جدول کی دوسری میعاد کے چار عناصر دیئے گئے ہیں۔ جدول کا مشاہدہ کیجئے اور حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

| عنصر | آکسیجن | نائٹروجن | کاربن | بوران |
|---|---|---|---|---|
| جوہری عدد | 8 | 7 | 6 | 5 |

(a) (i) سب سے بڑی جسامت (ii) سب سے زیادہ آینی قوت رکھنے والے عناصر کے نام بتائیے۔

(b) مرکزے کی جسامت اور آینی قوت کے درمیان تعلق بتائیے۔

.20 فوزل ایندھن کی بجائے آج کل حیاتی ایندھن کا استعمال ہو رہا ہے۔ سائنسی وجہ بتائیے۔

.21 ایک ٹیوننگ فورک (Tuning fork) 60 سکنڈ میں 6000 مرتبہ ارتعاش پاتا ہے۔ اگر ہوا میں آواز $330\ ms^{-1}$ کی رفتار سے سفر کرتی ہے تو طول موج معلوم کیجئے۔

.22 پٹرول انجن کی شکل اتار کر حسب ذیل ناموں کی نشاندہی کیجئے:

(i) داخلی کھلبند

(ii) فشارہ

.23 HIV کے پھیلاؤ کے طریقے بیان کیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



24. غیر قلمی سیلیکان کے حصوں کے دوران حسب ذیل عمل کے لئے استعمال ہونے والے ترشوں کا نام لکھئے :

(i) میگنیشیم کو علحدہ کرنے

(ii) غیر تبدیل شدہ ریت کو نکالنے

یا

سیلیکان کے حسب ذیل مرکبات کے استعمال لکھئے :

(i) سیلیکان کاربائڈ

(ii) زیولائٹ

25. دودالیہ پودے کی شکل بنائیے اور اس کے تولیدی حصہ کا نام لکھئے۔

26. حسب ذیل تعاملات کے لئے متوازن مساوات لکھئے :

(i) جب المونیم کلورین کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔

(ii) جب سوڈیم پانی کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔

یا

پگھلا ہوا کرایولائٹ کا استعمال المونیم کی تحصیل میں ہوتا ہے۔ وجہ بتائیے۔

27. برقناطیسی امالہ کے فاراڈے کے کلیات / قانون لکھئے۔

28. ایک لڑکا چمگاڈر کو اُڑتے دیکھ کر فیصلہ ہے کہ اس کا تعلق پرندوں سے ہے۔ کیا اس کا فیصلہ صحیح ہے ؟ وجوہات کے ذریعہ واضح کیجئے۔

29. نسیج پروری کیا ہے ؟ اس کے دو فائدے لکھئے۔

یا

ہائڈروپونک کیا ہے ؟ ہیڈروپونک کے دو فائدے لکھئے۔

30. برقی ملمع کاری میں استعمال ہونے والے آلات کی شکل بنا کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) مثبیرہ (Anode)

(ii) منفیرہ (Cathode)



www.careerindia.com

CAREERINDIA



.31 بھاپ انجن کی کوئی چار خامیاں بیان کیجئے۔

یا

حرارتی انجن کیا ہے ؟ حرارتی انجن کے کرانک شافٹ کا استعمال بیان کیجئے۔

.32 ایک جہاز سے خارج کی گئی بالاسمعی موجیں 6 سکنڈ بعد سمندر کی تہہ سے لوٹتی ہیں۔ اگر پانی میں ان موجوں کی رفتار $1530 ms^{-1}$ ہے تو سمندر کی گہرائی معلوم کیجئے۔

.33 کاکسائڈ انسان، منگولائڈ سے کس طرح مختلف ہے ؟

یا

کاکسائڈ انسان، کونگائڈ انسان سے کس طرح مختلف ہے ؟

.34 حسب ذیل جدول میں ایک کمیت گیس پر مستقل درجہ حرارت میں کئے گئے تجربہ میں دباو اور حجم کے درمیان کا شمار دیا گیا ہے۔ حسب ذیل سوال کا جواب لکھئے :

| دباؤ | حجم |
|---|---|
| $1 \cdot 5 \times 10^5$ | 10 |
| $2 \cdot 5 \times 10^5$ | $X$ |
| $3 \cdot 0 \times 10^5$ | 5 |
| $Y$ | 2 |

اوپر دیئے گئے اعداد کے بنیاد پر $X$ اور $Y$ معلوم کیجئے۔

.35 طویل موجوں اور عریض موجوں کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

.36 HIV کی ساخت ظاہر کرنے والی شکل بنایئے اور ان کی نشاندہی کیجئے :

(i) آر این اے (RNA)

(ii) پروٹین کی دیوار



www.careerindia.com

CAREERINDIA



37. ڈیوڈ کیا ہے ؟ اسکے دو استعمال لکھئے۔

38. کاغذ کی تیاری کے چار مرحلے بیان کیجئے۔

39. ذیابطیس میلٹس کیا ہے ؟ اس کے علامت لکھئے۔

40. راست ڈائنمو کا خاکہ بنا کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) آرمیچر کا کوائل

(ii) دھاتی چھلے

41. بیوٹکنالوجی کیا ہے ؟ اس کی دو خامیاں بیان کیجئے۔

42. تصبینی قدر کیا ہے ؟ اس کی اہمیت بیان کیجئے۔

43. گراہم کا نفوذ پذیری کلیہ بیان کیجئے۔اس کی حسابی شکل بیان کیجئے۔

44. زائلم اور فلوئم نسیجوں کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 5 × 3 = 15

45. نیوکلیر پاور پلانٹ کی شکل بنا کر حسب ذیل حصوں کے نام لکھئے :

(i) عکس انداز

(ii) حرارتی مبادلہ

46. گنے سے شکر کی تیاری کا طریقہ سمجھائیے۔

یا


ملاس (شیرہ) ایتھائل الکوہل تیار کرنے کا طریقہ سمجھائیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



47. حسب ذیل ٹرانزسٹر کی شکل کا مشاہدہ کیجئے اور حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے :




(i) $P$ اور $Q$ نشاندہی کے نام بتایئے اور ان کے افعال لکھئے ۔

(ii) ٹرانزسٹر کی اس قسم کو بیان کیجئے ۔

48. (i) کسی شخص کے DNA فنگر پرنٹ حاصل کرنے کی تکنیک سمجھایئے ۔

(ii) قانونی مسائل کو حل کرنے میں ڈی-ین-اے فنگر پرنٹ کس طرح مدد دیتی ہے ؟

یا

حسب ذیل کے تعلق سے ڈی ین اے کی اہمیت کیا ہے ؟

(i) وراثت

(ii) پروٹین کی تشکیل

(iii) تغیر پذیری

www.careerindia.com

CAREERINDIA



49. لوہے کی تحصیل میں استعمال ہونے والی جھکڑ بھٹی کی شکل اتار کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) پگھلا ہوا لوہا

(ii) دھاتی میل (Slag)

حسب ذیل سوالات کے جواب لکھئے : 3 × 4 = 12

50. (i) ستاروں کے ارتقا میں ابتدائی ستارہ کا مرحلہ سمجھایئے۔

(ii) تحفظ معیاری حرکت اصول بیان کیجئے۔ راکٹ کے اسراع کا انحصار کن دو امور پر ہوتا ہے۔

یا

(i) ستاروں کے ارتقا میں سیاہ سوراخ مرحلے کو سمجھایئے۔ سیاہ سوراخ کی موجودگی ظاہر کرنے والے امور کیا ہیں ؟

(ii) مداری رفتار اور رفتار فرار کے درمیان تعلق بیان کیجئے۔ ''زمین سے رفتار فرار $11.2\ Kms^{-1}$ ہے'' اس کہاوت کے معنٰے کیا ہے ؟

51. حسب ذیل ہائڈروکاربنس کا ساختی ضابطہ اور استعمال لکھئے (کوئی دو) :

(i) بنزین (Benzene)

(ii) ٹالین (Toluene)



www.careerindia.com

CAREERINDIA



52. انسانی آنکھ کی عمودی تراش کی شکل اتار کر حسب ذیل کی نشاندہی کیجئے :

(i) زرد خطہ

(ii) عدسہ

www.careerindia.com

www.careerindia.com